نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا کپاس کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے تحصیل جام پور ضلع راجن پور کا دورہ

لاہور 12 ستمبر 2023 ( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ کپاس کی سرویلنس ،نگرانی اور ضرر رساں کیڑوں کے تدارک کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں تا کہ پیداواری ہدف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔انھوں نے مزید کہا کہ گرم موسم اور حبس بڑھنے کے باعث بعض علاقوں میں کپاس کی سفید مکھی کا حملہ مشاہدہ میں آیا ہے جس کے تدارک کے لئے ڈرون ٹیکنالوجی کی مدد سے سپرے کیا جائے گا۔وہ آج تحصیل جام پور ضلع راجن پور میں کپاس کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے فیلڈ وزٹ کررہے تھے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب رانا فقیر احمد،کنسلٹنٹ زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی اور ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈی جی خان مہر عابد حسین سمیت دیگر افسران اُن کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈی جی خان نے بتایا کہ ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں 9 لاکھ 37 ہزار ایکڑ رقبہ پر کاشتہ کپاس اپنے پیداواری مراحل سے گزر رہی ہے۔امسال ڈیرہ غازی خان میں کپاس کی 14 لاکھ گانٹھوں کا ٹارگٹ دیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں بعض علاقوں میں گرمی اور حبس کے باعث سفید مکھی کا حملہ رپورٹ کیا گیا ہے۔سفید مکھی سپرے کے دوران اردگرد کے کھیتوں میں پناہ لے لیتی ہے لہٰذا اس کے تدارک کے لئے کلسٹر / کمیونٹی سپرے کئے جا رہے ہیں جو اردگرد کے علاقوں میں اس کا تدارک یقینی بناتے ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ سفید مکھی کے حملہ کی روک تھام کے لئے ڈرون ٹیکنالوجی دی جارہی ہے جس سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ رقبہ پر سپرے کیا جائے گا۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کپاس کی فصل کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔اس لئے تمام افسران وعملہ اپنی ڈیوٹی قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دے۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی نگہداشت کے اس اہم مرحلہ میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تحصیل جام پور میں مختلف جگہوں پر کپاس کے کھیتوں کا معائنہ کیا۔

☆☆☆☆